22728- سرکاری اندراج کے بغیر شادی کرنا

سوال

میں ایک غیر مسلم ملک میں رہائش پزیر ہوں اورشادی کرنا چاہتا ہوں ، یہ بہت ہی مشکل اوربہت خرچہ والا کام ہے کہ میں کسی قریبی اسلامک سینٹر یا پھر سفارت خانہ جاکرشادی کا اندارج کراؤں ، توکیا میرے لیے جائز ہے کہ میں ایک ورقہ پر یہ لکھ لوں کہ ہم شادی شدہ ہیں اورایک دوسرے کے حقوق کا خیال کرتے ہیں ، اورجب ہم اپنے ملک جائیں تووہاں شادی کا اندارج کروالیں ؟

پسندیدہ جواب

شادی صحیح ہونے کے لیے شرط ہے کہ اس میں خاوند اور بیوی کی رضامندی ہواور عورت کا ولی اوردو مسلمان عادل گواہ بھی موجود ہوں اوراس کے ساتھ ساتھ خاوند اور بیوی میں کوئی نکاح سے مانع چيز نہ پائی جائے ۔

جب یہ شروط پائی جائيں اورعورت کے ولی اورخاوند کے مابین ایجاب قبول ہوجائے توعقد نکاح ہوجاتا ہے ، آپ اس کی تفصیل کے لیے سوال نمبر (2127) کا مراجعہ کریں ۔

سرکاری اندارج اور تصدیق توصرف حقوق کی حفاظت اور جھگڑا ختم کرنے کے لیے ہوتی ہے ۔

تواس بنا پراگرآپ مندرجہ بالا صورت میں شروط پورا ہونے کے ساتھ عقد نکاح کرتے ہواوراس کا اندراج اور تصدیق واپس اپنے ملک جانے یا کسی اسلامک سینٹر جانے تک مؤخر کردیتے ہو تواس میں کوئی حرج نہيں ۔

ضروری یہ ہے کہ آپ نکاح کا اعلان کریں اوراپنے پڑوسیوں عزيزواقارب اوردوست احباب کواس نکاح کی اطلاع دیں تاکہ نکاح اوربدکاری میں تمیز ہوسکے ۔

اوربہتر تویہ ہے یہ جتنی جلدی ہوسکے آپ اس کا اندارج بھی کروالیں تاکہ آپ تہمت سے بچ سکیں اوراپنے حقوق کی بھی حفاظت کریں اورخاص کرجب اللہ تعالی آپ کواولاد کی نعمت سے نوازے تواس میں آسانی رہے ۔

واللہ اعلم .